دارالافتاء اہلسنت سے کیا گیا سوال مع جواب حاضر ہے

سوال:-

ہمارے ہاں مدرسۃالمدینہ آن لائن میں 30 منٹ کا درجہ ہوتا ہے اگر اذان ہو جائےاور مدرس اسلامی بھائی درجہ موقوف کرکے اذان کا جواب دیں تو یہ 4 سے 5 منٹ طالب علم کے ہی کٹتے ہیں حالانکہ نماز کی تیاری تو انہوں نے کرنی ہی ہوتی ہے اگر مدرس اسلامی بھائی درجہ پڑھانے کے ساتھ ساتھ زیرِ لب اذان کا جواب بھی دیتا رہے تو شرعاً حرج تو نہیں ہے .برائے کرم اس کی شرعی رہنمائی فرما دیجئے جزاک اللہ خیرًا)

افتاء مکتب کا جواب:

اگر اذان اہل سنت وجماعت مسجد سے ہورہی ہے اور پہلی ہی اذان ہے تو پڑھانا چھوڑ کر جواب دینا چاہیے،دوران اذان پڑھانا دیکھنے والوں اور طلباء کو بھی معیوب لگے گا دو چار منٹ جواب دینے میں حرج نہیں اور نہ ہی کٹوتی ہو گی۔

(افتاء آفس مرکزالاولیاء لاہور) (15-02-2019)